*Major General*
**Suhaib Ahmed**
MBBS, MCPS, FCPS (Pak), PhD (London)
Armed Forces Institute of Pathology
Rawalpindi - Pakistan
Tel Off : 561-33337, 051-5113451
: 561-32340, 051-9271248
e-mail : suhaib955@hotmail.com

محترمی جناب مولانا عبدالعزیز صاحب

السلام وعلیکم۔

میں آپ کو یہ خط بچوں کی ایک ذہنی بیماری آٹزم کے علاج کیلئے زکاۃ کے استعمال کے بارے میں لکھ رہا ہوں۔ اس ضمن میں چند ہفتے قبل میری بیوی کی آپ سے ٹیلی فون پر بات بھی ہوئی تھی۔

میرا بچہ بھی آٹزم میں مبتلا ہے۔ اس بیماری کا علاج انتہائی پیچیدہ اور محنت طلب ہونے کے ساتھ ساتھ انتہائی مہنگا بھی ہے۔ ایک بچے کے علاج کیلئے ہر ماہ تقریبا ۲۵۰۰۰ ہزار روپے کی ضرورت ہوتی ہے۔ ہمارے ملک میں آٹزم میں مبتلا بے شمار بچے ہیں۔ اللہ کے فضل سے میری مالی حیثیت ایسی ہے کہ میرے لیے اپنے بچے کے علاج کا بوجھ اُٹھانا مشکل نہیں ہے۔ لیکن ہمارے معاشرے میں اکثر افراد ایسے ہیں جو صاحب حیثیت ہونے کے باوجود بھی ۲۵۰۰۰ ہزار ماہانہ کا بوجھ برداشت نہیں کر سکتے۔

میں اور میرے کچھ رفقاء نے مل کر ایک ایسا ادارہ قائم کیا ہے جس میں آٹزم کے علاج کی سہولیات مہیا کی گئی ہیں۔ اس ادارے میں اکثریت ایسے بچوں کی ہے جن کے والدین زکاۃ کے مستحق تو نہیں لیکن اُن کی مالی حیثیت ایسی بھی نہیں ہے کہ وہ آٹزم کا علاج اپنی جیب سے برداشت کر سکیں۔

اپنے ادارے کو چلانے کیلئے ہم مخیّر حضرات کے عطیات وغیرہ پر انحصار کرتے ہیں۔ ہمیں عطیات دیتے وقت اکثر لوگ سوال کرتے ہیں کہ وہ ہمیں زکاۃ کی مد میں رقم دے سکتے ہیں۔

آپ سے گزارش ہے کہ مندرجہ بالا صورت حال کو مدنظر رکھتے ہوئے ہمارے ادارے میں زکاۃ کے استعمال پر اپنی رائے کا اظہار فرما دیجیے۔

دُعاگو

ڈاکٹر صہیب احمد

۶ فروری ۲۰۱۲

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# دارالافتاء

مرکزاھلحدیث G-6/1-4 اسلام آباد

فون: 2602975-51-92+ موبائل: 5317158-300-92+ Website: www.ahlehadith.com.pk, Email: mnasalfi@yahoo.com

حوالہ نمبر 35/MJAHI/2012-F — تاریخ ۲۵ فروری ۲۰۱۲ء

ڈاکٹر صہیب احمد صاحب کی تحریر کردہ صورت حال کے مطابق آرٹزم کے علاج کیلئے بنائے گئے ادارے میں زکوۃ دینا جائز ہے، اسلئے کہ اس میں اُن بچوں کا علاج بھی کیا جاتا ہے جن کے والدین علاج کروانے کی مالی حیثیت سے قاصر ہیں۔ قرآن وسنت کی روشنی میں ایسے افراد کا شمار مساکین میں ہوتا ہے جو زکوۃ کے مصارف میں سے ایک ہے جیسے:

1۔ ارشاد باری تعالی ہے: إِنَّمَا الصَّدَقَاتُ لِلْفُقَرَاءِ وَالْمَسَاكِينِ وَالْعَامِلِينَ عَلَيْهَا وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ وَفِي الرِّقَابِ وَالْغَارِمِينَ وَفِي سَبِيلِ اللَّهِ وَابْنِ السَّبِيلِ ...

ترجمہ ''یقیناً صدقات (زکوۃ)، فقراء، مساکین، عاملین زکوۃ، تالیف قلبی، غلاموں کی آزادی، مقروض، فی سبیل اللہ اور مسافر کے لیے ہے۔ (حوالہ سورۃ التوبہ، پارہ 10، آیت نمبر 60)

مذکورہ بالا آیت میں زکوۃ کے آٹھ مصارف بیان کیے گئے ہیں جن میں دوسرے نمبر پر مساکین کا تذکرہ ہے اور مسکین کی وضاحت مندرجہ ذیل حدیث سے ہوتی ہے:

2. ليس المسكين الذى يطوف على الناس ترده اللقمة واللقمتان ، والتمرة والتمرتان ، ولكن المسكين الذى لا يجد غنى يغنيه ، ولا يفطن له فيتصدق عليه ، ولا يقوم فيسال الناس

ترجمہ: نبی صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: مسکین وہ نہیں ہے جسے ایک لقمہ، دو لقمے، ایک کھجور یا دو کھجوریں اور وہ چلا جائے بلکہ مسکین وہ ہے جسکے پاس اتنے پیسے نہ ہوں جس سے اس کی ضرورت پوری ہو جائے اور وہ لوگوں سے مانگنا ترک کردے۔ (حوالہ: بخاری ومسلم)

3۔ أَمَّا السَّفِينَةُ فَكَانَتْ لِمَسَاكِينَ يَعْمَلُونَ فِي الْبَحْرِ فَأَرَدْتُ أَنْ أَعِيبَهَا وَكَانَ وَرَاءَهُمْ مَلِكٌ يَأْخُذُ كُلَّ سَفِينَةٍ غَصْبًا یعنی اس آیت میں اللہ تعالی نے اُن دو بھائیوں کو مسکین کہا ہے جنکے پاس اپنی کشتی تھی۔ (سورۃ الکہف آیت نمبر 79)

هذا ما عندى والله اعلم بالصواب

(علامہ) عبدالعزیز حنیف

رئیس دارالافتاء

AUTISM SOCIETY OF PAKISTAN

AUTISM RESOURCE CENTRE



## MISSION:

To educate and support children with autism and their families and to work with the community to promote understanding of autism

## OBJECTIVES:

a. To develop trained staff for Autism Resource Centre
b. To provide services for children and families
c. Create a Team to provide diagnosis, assessment and develop ISP (Individual Support Plan) for the child
d. To help the parents through education and support services (OT, Speech Therapy, Behaviour Management, Sibling Support, Play Group)
e. To introduce inclusive education in main stream schools

## WHAT IS AUTISM?

Autism is a complex neuro developmental disorder that is manifested in children from 18 months to 3 years of age.
It affects a child's communication, socialization, cognition and social interaction.

**Autism Resource Centre**
552-Aibak Road, Westridge Bazar,
Rawalpindi (Pakistan)
Phone : +92 51 5463329
Website: www.autismpak.com
Contact: contact@autismpak.com



I'm not misbehaving
**I have Autism!**
Please be understanding

## SYMPTOMS

1. Difficulty in mixing with other children
2. Insistence on sameness; resists changes in routine
3. Inappropriate laughing and giggling
4. No fear of dangers
5. Little or no eye contact
6. Sustained odd play
7. Apparent insensitivity to pain
8. Echolalia (repeating words or phrases in place of normal language
9. Prefers to be alone
10. May not want cuddling or act cuddly
11. Spins objects
12. Not responsive to verbal cues; acts as deaf
13. Inappropriate attachment to objects
14. Difficulty in expressing needs

## SIGNIFICANCE (PAKISTAN):

It is estimated that there are 3.5 lac autistic children in Pakistan (the data is based on statistics of South Asia). Its number is increasing rapidly. Teaching and training of these children require specialized equipment (that is very expensive) and thorough professionals.

## ISSUES RELATED TO AUTISM:

### Sensory Issues:

1. Does not startle at loud noises
2. Has heightened or low senses of sight, hearing, touch, smell and taste
3. May find normal sounds painful and hold hands on ears
4. May withdraw from physical contact because it is over stimulating or overwhelming
5. Rubs surfaces, mouth or licks objects



6. Seems to have a low or heightened response to pain

### Behaviour Issues

1. Throws severe tantrums
2. Gets stuck on a single topic or task
3. Has a short attention span.
4. Has very narrow interests
5. Is overactive or passive
6. Shows aggression to others or self
7. Shows a strong need for sameness
8. Uses repetitive body movements

### Social Issues

1. Does not make friends
2. Does not play interactive games
3. Is withdrawn
4. May not respond to eye contact / smiles, or may avoid eye contact
5. May treat others as if they are objects
6. Prefers to spend time alone rather than with others
7. Shows lack of empathy

### Communication Issues

1. Cannot start or maintain a social conversation
2. Develops language slowly or not at all
3. In appropriate use of nouns and pronouns
4. Repetition of words and jingles
8. Uses nonsense rhyming

## HOW CAN YOU HELP?

We have been declared tax exempt, non-profit organization by the federal board of revenue under letter no. 82 section 2(36) dated 27th July, 2011. Autistic children also have right to be trained/educated; the treatment/therapies being costly, demand extra resources (not affordable by most of the parents in our country). It is imperative that volunteers should come forward and help this noble cause.

## FOR DONATIONS

**Autism Society of Pakistan**
**Bank Alfalah Ltd.**
F-10 Branch Islamabad (Pakistan)
A/C No. 0131-01002635 (PAK RUPEES)
A/C No. 0131-01800200 (US DOLLARS)
A/C No. 0131-01860047 (EUROS)

# آٹزم سوسائٹی آف پاکستان

## آٹزم ریسورس سینٹر

### مقصد (Mission)

آٹزم سے متاثرہ بچوں اوران کے خاندان کوتربیت دینا،ان کی مدد کرنااورمعاشرے کے ساتھ مل کے آٹزم کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا۔

### عزائم (Objectives)

آٹزم ریسورس سینٹر کے لئے سٹاف کی تربیت
بچوں اوران کے خاندان کیلئے سہولیات کی فراہمی
بچوں کی تشخیص کرنااوران کیلئے انفرادی امدادی پروگرام ترتیب دینا
تعلیمی امدادی گروپ اور دیگر سہولیات کے ذریعے والدین کی امداد کرنا (آکیوپیشنل تھراپی، سپیچ تھراپی، رویہ جاتی تربیت، بہن بھائیوں اوردوستوں سے مدد)
عام سکولوں میں تعلیم کے مواقع پیدا کرنااوراساتذہ، ہم عمر بچوں اوروالدین کوآگاہی دینا

### آٹزم کیا ہے؟ (What is Autism?)

آٹزم ذہنی نشوونما میں ایک پیچیدگی ہے جوکہ بچوں میں 18 ماہ سے 3 سال کی عمر میں ظاہر ہوتی ہے۔ یہ بچے کی بول چال، سماجی تعلقات، ذہانت اوراپنی مدد آپ جیسے عوامل پراثرانداز ہوتی ہے۔

### علامات (Signs/Symptoms)

- عام بچوں میں گھلنے ملنے میں دشواری
- تبدیلی کوبرداشت نہ کرنا
- بے مقصد رونا یا ہنسنا
- ڈر اور خطرے کی سمجھ نہ ہونا
- متوجہ شخص کی آنکھوں میں نہ دیکھنا
- لگاتارایک ہی چیز سے کھیلتے رہنا
- درد/ تکلیف کونظرانداز کرنا
- طوطے کی طرح الفاظ/ جملے دہرانا
- اکیلے رہنا/اپنی دنیا میں مگن رہنا
- گلے لگنے سے گریز کرنا
- چیزوں کوگھماتے رہنا
- آوازکونظرانداز کرنا
- چیزوں سے غیرمعمولی لگاؤ

### پاکستان میں اہمیت (Significance in Pakistan)

ایک اندازے کے مطابق پاکستان میں 3.5 لاکھ بچے آٹزم سے متاثر ہیں (یہ ڈیٹا جنوبی ایشیا سے لیا گیا ہے)۔ ان کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے۔
ان بچوں کی تعلیم وتربیت کیلئے خصوصی سامان اوراعلیٰ تربیت یافتہ ماہرین کی ضرورت ہے۔




## آٹزم سے منسلک مسائل (Autism Related Issues)

### 1-حسیاتی مسائل (Sensory Issues)

- آٹزم حواس خمسہ کومتاثر کرتا ہے۔ دیکھنے، سننے، چھونے، چکھنے اورسونگھنے کی حس یا تو بہت کم (Hypo) یا بہت تیز (Hyper) ہوجاتی ہے۔
- انہیں کسی کا چھونا پسند نہیں ہوتا
- تیز رنگ اور تیز روشنوں سے گھبراتے ہیں
- خاص ذائقے کی چیزیں کھاتے ہیں اورنئی چیزیں چکھنے میں انہیں مشکل پیش آتی ہے
- تیز اورناپسند خوشبوئیں انہیں بے چین کردیتی ہیں
- کوئی اونچی آوازسنائی دے توٹھٹکتے نہیں
- مسلسل تیز آواز سے کانوں پرہاتھ رکھ لیتے ہیں
- کوئی ایسا کپڑا جووہ نہ پہننا چاہیں، اس کے پہننے سے بےکل ہوجاتے ہیں
- سطحوں اورمنہ کومسلتے اورچیزوں کوچوستے ہیں

### 2-سماجی مسائل (Social Issues)

- یہ بچے اپنے آپ میں گم رہتے ہیں۔ دوست نہیں بناتے
- آنکھوں سے آنکھیں نہیں ملاتے
- روزمرہ کے معمولات میں تبدیلی سے گھبراجاتے ہیں
- بعض چیزوں سے غیرمعمولی لگاؤ ہو جاتا ہے جیسے کوئی کھلونا، تکیہ یا ٹی وی پروگرام
- اردگرد بیٹھے لوگوں کوتوجہ نہیں دیتے

### 3-بات چیت کے مسائل (Communication Issues)

- یہ بچے آہستہ آہستہ یا کبھی نہیں بولنا سیکھتے
- یہ بچے آپ کا دھیان کسی چیز کی طرف مبذول نہیں کرواسکتے
- ان بچوں کوگفتگو شروع کرنے اوراسے برقرار رکھنے میں مشکل ہوتی ہے
- الٹے پلٹے الفاظ کوجوڑتے رہتے ہیں
- یہ بچے کسی عبارت یا ٹی وی اشتہار کورٹ سکتے ہیں

### 4-رویہ جاتی مسائل (Behaviour Issues)

- یہ بچے غصہ کرتے ہیں، روتے اورچیختے ہیں
- اگران بچوں کوکوئی چیز چاہیے اوروہ انہیں نہ ملے توزمین پرگرجاتے ہیں اور اشتعال میں آکرخودکوزخمی بھی کرسکتے ہیں
- یہ بچے یا تو بہت چلبلے یا بہت سست ہوتے ہیں
- ان کونئی چیزوں اورجگہوں سے بہت گھبراہٹ ہوتی ہے
- کسی چیز پردیر تک توجہ نہیں دے سکتے
- یہ بچے مخصوص آوازیں نکالتے، سرہلاتے یا اعضاء کوحرکت دیتے ہیں

## آپ کیسے مدد کرسکتے ہیں؟ (How can you help)

آٹزم سوسائٹی آف پاکستان کوگورنمنٹ آف پاکستان فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے لیٹر نمبر 82 سیکشن (36)2 مورخہ 27 جولائی 2011 کے تحت ٹیکس فری، غیرمنافع بخش ادارے کادرجہ دیا گیا ہے چونکہ آٹزم سے متاثرہ بچوں کوبھی تعلیم وتربیت حاصل کرنے کا حق ہے مگراس کے علاج / تھراپی بہت مہنگی ہے اوراضافی اخراجات کا بوجھ زیادہ تر والدین کیلئے اٹھانا مشکل ہے لہٰذا دل کھول کرعطیات دیجئے اور پاکستان میں آٹزم سے متاثر بچوں کومعاشرے کافعال حصہ بنانے میں مدد کیجئے۔

**رابطے/عطیات کیلئے**

**Autism Society of Pakistan**
**Autism Resource Centre**
552-Aibak Road, Westridge Bazar,
Rawalpindi (Pakistan) Phone : +92 51 5463329
Website: www.autismpak.com
Contact: contact@autismpak.com

**Bank Alfalah Ltd.**
F-10 Branch, Islamabad (Pakistan)
A/c No. 0131-01002635 (Pak Rupees)
A/c No. 0131-01800200 (US Dollar)
A/c No. 0131-01860047 (Euro)